ज्ञानसेवा तु साफल्यम्

راجیہ شیکشنک سنشودھن و پرشکشن پریشد مہاراشٹر، پونے-۳۰

'STARS' پروجیکٹ کے تحت

# مجموعی قدر پیمائی - ۲ : ۲۴-۲۰۲۳ء

## جماعت : آٹھویں - مضمون : اُردو (زبانِ اوّل)

# اساتذہ کے لیے رہنما ہدایات اور جوابی کلید

ریاستی سطح پر 'STARS' پروجیکٹ کے تحت تعلیمی سال ۲۴-۲۰۲۳ء میں تین تعلیمی ترقی کی جانچ بنام بنیادی قدر پیمائی، مجموعی قدر پیمائی - ۱ اور مجموعی قدر پیمائی -۲ لینے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ ان قدر پیمائی کے ذریعے یہ بات طے کی جاسکے گی کہ تیسری سے آٹھویں جماعت تک کے ہر طالب علم نے متوقع تعلیمی کارکردگی کا حصول کیا ہے یا نہیں۔ ریاستی سطح پر تعلیمی سال ۲۴-۲۰۲۳ء کے درمیان میں جماعت وار آموزشی ماحصل پر مبنی تیسری سے آٹھویں جماعت کے طلبہ کی مجموعی قدر پیمائی-۲ کی جارہی ہے۔ مذکورہ جانچ کا اہم مقصد یہ ہے کہ طلبہ نے موجودہ جماعتوں کے مکمل شدہ اسباق کے آموزشی ماحصل کتنے حاصل کیے ہیں، اسے ذہن میں رکھ کر اساتذہ ضرورت کے مطابق عملی سرگرمی کا انعقاد کرسکیں۔

## جانچ کی نوعیت:

تعلیمی سال ۱۸-۲۰۱۷ء کے آغاز سے ہر جماعت اور ہر مضمون کے لیے آموزشی ماحصل مختص کیے گئے ہیں۔ نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹرینگ، نئی دہلی کے فراہم کردہ رہنما خطوط کے مطابق طلبہ کی تعلیمی کارکردگی کی جانچ ان آموزشی ماحصل کی بنیاد پر کی جائے گی۔ مستقبل میں کیے جانے والے تمام قومی اچیومنٹ سروے اور ریاستی اکیڈمک اچیومنٹ سروے دونوں آموزشی ماحصل پر مبنی ہوں گے۔ نتیجتاً مجموعی قدر پیمائی -۲ کے پرچے بناتے وقت موجودہ جماعت کے مکمل شدہ اسباق کے لحاظ سے آموزشی ماحصل کو مدنظر رکھا گیا ہے۔

## زبانی جانچ کے لیے ہدایات:

۱) زبانی جانچ کے لیے ضروری وسائل (مثلاً لفظی کارڈ، جملوں کے کارڈ، تصاویر وغیرہ) بھرپور مقدار میں جانچ لینے سے قبل تیار رکھیں۔
۲) زبانی جانچ لیتے وقت تصویر کا مشاہدہ، سننا، پڑھنا وغیرہ سرگرمیوں کے لیے طلبہ کو بھرپور وقت دیں۔
۳) طلبہ کی اصل کارکردگی کو سمجھنے کے لیے شفاف اور بغیر تناؤ کے ماحول میں جانچ لیں۔
۴) عمر کے گروہ کے لحاظ سے طلبہ کی گھر کی زبان/ علاقائی بولی کو قبول کریں۔
۵) طلبہ کا زبانی سوالوں سے متعلق ردّعمل انفرادی طور پر حاصل کریں اور ردّعمل کے مطابق فوراً ہر طالب علم کے حاصل کردہ نمبرات کا اندراج دیے ہوئے اندراجی تختے میں کریں۔ آدھا نمبر نہ دیں۔

## تحریری امتحان لینے اور اس کی جانچ کرنے کی ہدایات:

۱) تیسری اور چوتھی جماعت کے طلبہ کے لیے ایک ایک سوال بلند آواز سے پڑھیں۔ کیا کرنا ہے اسے واضح کریں اور انھیں سوالات کو حل کرنے کی ہدایت دیں۔ اس طرح ایک ایک سوال مکمل کرتے ہوئے جانچ کو مکمل کریں۔

۲) پانچویں سے آٹھویں جماعت کے طلبہ سوالات کو سمجھنے میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ تاہم، یہ ضروری ہے کہ جوابات کا اشارہ نہ دیں۔
۳) طلبہ کی اصل کارکردگی کو سمجھنے کے لیے شفاف اور بغیر تناؤ کے ماحول میں جانچ لیں۔ اسکول کا درمیانی وقفہ ہو جائے یا بچے لاپرواہ ہو رہے ہیں ایسا محسوس ہونے پر تھوڑا وقت رک جائیں اور پھر باقی جانچ مکمل کرنے میں ہرج نہیں ہے۔
۴) تحریری جانچ میں جوابات تحریر کرنے کے لیے ضروری جگہ فراہم کی گئی ہے۔
۵) متعلقہ جماعت کے کلاس ٹیچر، مضمون کے استاد کے ذریعے جانچ کو منظم اور درست انداز میں مکمل کریں۔
۶) معذور طلبہ کے معاملے میں، مذکورہ جانچ لینے سے متعلق فیصلہ صدر مدرّس اور اساتذہ کو طالب علم کی معذوری کو مدنظر رکھتے ہوئے کرنا چاہیے۔ ضرورت ہو تو قابل ماہر یا خصوصی معلم کی مدد لیں۔
۷) عملی/زبانی اور تحریری جانچ کے لیے مارک شیٹ جانچ کے آغاز میں فراہم کی گئی ہے۔ استاد کو چاہیے کہ وہ ہر سوال کے نمبروں کو دیے گئے ٹیبل میں پوری تندہی سے ریکارڈ کرے۔ آدھا نمبر نہ دیں۔
۸) جانچ لینے کے بعد، یہ توقع کی جاتی ہے کہ استاد طلبہ کے حاصل کردہ نمبرات کا تجزیہ کرے اور ان کی انفرادی ضروریات کے مطابق لائحۂ عمل بنائے۔

## جماعت : آٹھویں - اُردو (زبانِ اوّل) جوابی کلید اور نمبرات کی تقسیم

| زبانی | تحریری | کل نمبرات |
|---|---|---|
| ۱۰ | ۵۰ | ۶۰ |

### حصہ اوّل : زبانی جانچ

| سوال نمبر | مناسب جوابات اور ہدایات | آموزشی ماحصل | نمبرات |
|---|---|---|---|
| سوال ۱ | **آپ کی پسندیدہ نظم حرکات وسکنات/ ترنم کے ساتھ سنائیے۔**<br>نظم کو حرکات وسکنات اور لے و ترنم کے ساتھ کم از کم دو اشعار سنانے کے لیے کہیں۔ ہر شعر پر ایک نمبر دیں۔ | 08.04.15 | 02 |
| سوال ۲ | **درسی کتاب کے کسی ایک اقتباس کی بلند خوانی مناسب اُتار چڑھاؤ کے ساتھ کیجیے۔**<br>• اقتباس کی بلند خوانی مناسب اُتار چڑھاؤ اور علاماتِ اوقاف کے ساتھ موزوں تلفظ کے ذریعے سمجھ کر پڑھیں تو ۲ نمبرات دیں۔ ٹھہر ٹھہر کر بلند خوانی کریں تو ایک نمبر دیں۔ بالکل بلند خوانی نہ کریں تو صفر نمبر دیں۔ | 08.04.02 | 02 |
| سوال ۳ | **'میرا پسندیدہ کھیل' اِس عنوان پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔ (کم از کم چار جملے)**<br>• عنوان کے لحاظ سے منطقی پیشکش پر ۲ نمبرات دیں۔ عنوان کے لحاظ سے پیشکش نہ کی اور ٹھہر ٹھہر کر بولیں تو ایک نمبر دیں۔ کوئی بھی ردّعمل ظاہر نہ کریں تو صفر نمبر دیں۔ | 08.04.01 | 02 |
| سوال ۴ | **'موبائل کی اہمیت' سے متعلق چار جملے سنائیے۔**<br>• دیے ہوئے عنوان سے متعلق طالب علم کا ذاتی اظہارِ خیال متوقع ہے۔ کسی چیز کے اہم پہلو کی پیشکش منطقی انداز میں کریں تو ۲ نمبرات دیں۔ اس شئے کے لحاظ سے پیشکش نہیں کی اور ٹھہر ٹھہر کر بولیں تو ایک نمبر دیں۔ کوئی بھی ردّعمل ظاہر نہ کریں تو صفر نمبر دیں۔ | 08.04.04 | 02 |
| سوال ۵ | **آپ کے اطراف میں تمباکو اور سگریٹ کا استعمال بہت زیادہ ہوتا ہے۔ اس کے تدارک کے لیے آپ کون کون سی تدابیر اختیار کریں گے؟**<br>• عنوان کے لحاظ سے پیشکش پر ۲ نمبرات دیں۔ جملوں کی ادائیگی نہ کریں اور ٹھہر ٹھہر کر ادا کریں تو ایک نمبر دیں۔ کوئی بھی ردّعمل ظاہر نہ کریں تو صفر نمبر دیں۔ | 08.04.09 | 02 |

| سوال نمبر | مناسب جوابات اور ہدایات | آموزشی ماحصل | نمبرات |
|---|---|---|---|
| | **حصہ دوم : تحریری جانچ** | | |
| سوال ۶ | **مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیے۔**<br>۱) اعلیٰ افسر ۲) خوف، ڈر ۳) پردہ ۴) نشانی<br>۵) طور کی جمع، چال چلن، ڈھنگ ۶) وہ جگہ جہاں لالہ کے پھول کھلے ہوں<br>۷) تکلیف پہنچانے والا ۸) پھٹا ہوا گریباں ۹) تنگی ،غریبی ۱۰) بیرون ملک<br>ہر لفظ کو آدھا نمبر دیں لیکن طاق عدد میں جواب لکھنے پر مکمل نمبر دیں جیسے تین الفاظ کے صحیح معنی لکھنے پر ۲ نمبرات دیں۔ | 08.04.18 | 05 |
| سوال ۷ | **درج ذیل تصویر کا مشاہدہ کیجیے اور اس سے متعلق ۸ جملے لکھیے۔**<br>● تصویر سے متعلق صحیح جملے تحریر کرنے اور مناسب و موزوں الفاظ اور تراکیب استعمال کریں تو ۴ نمبرات دیں۔مکمل جملے اور ترتیب تحریر کے لحاظ سے نمبرات دیں۔تصویر سے متعلق صرف الفاظ تحریر کریں تو ایک نمبر دیں۔ | 08.04.05 | 04 |
| سوال ۸ | **ذیل کا اقتباس پڑھیے اور دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔** | 08.04.06 | 06 |
| | **الف)** منشی کریم بخش کو ماہانہ پچاس روپے پنشن ملتی تھی۔ | | 01 |
| | **ب)** ۱) محافظ ۲) منصف | | 01 |
| | **ج)** منشی کریم بخش بے حد وضع دار، شریف الطبع اور حلیم آدمی تھا۔ | | 02 |
| | **د)** ۱) محافظ دفتر ۲) تیس سال | | 02 |
| سوال ۹ | **ذیل میں دیے گئے مکالمہ کو بغور پڑھ کر اس کے نیچے دیے ہوئے سوالوں کے صحیح جوابات کے گرد دائرہ بنائیے۔** | 08.04.14 | 04 |
| | **الف)** (۳) عالیہ کو | | 01 |
| | **ب)** (۲) چھوٹے میاں کو | | 01 |
| | **ج)** (۴) نوکرانی | | 02 |
| سوال ۱۰ | **(الف) مندرجہ ذیل درسی نظم کا بغور مطالعہ کر کے نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔** | 08.04.08 | 07 |
| | ۱) گیت | | 01 |
| | ۲) آسماں کی رفعتوں کو چھونے والے کوہسار | | 01 |
| | ۳) (۱) کیف و مستی (۲) سرو و سنبل (۳) لالہ و گل | | 02 |

| سوال نمبر | مناسب جوابات اور ہدایات | آموزشی ماحصل | نمبرات |
|---|---|---|---|
| | ۴) کھلکھلاتی ندیاں، گنگناتے آبشار، لہلہاتے کھیت، آسمان کو چھونے والے کوہسار، سرو و سنبل کے نظارے، چناروں کی قطار | | 02 |
| | ۵) سرو، سنبل، چنار | | 01 |
| | **(ب) ذیل کے نکات کی مدد سے کہانی لکھیے۔** | | **04** |
| | • اگر طلبہ کہانی کو آٹھ سطروں میں تحریر کریں تو ۴ نمبرات دیں۔ | | |
| | • کم از کم چھے مربوط جملوں کے لیے ۳ نمبرات دیں۔ | | |
| | • دو صحیح جملوں کی تعداد کے لحاظ سے نمبرات دیں۔ | | |
| سوال ۱۱ | **(الف) درج ذیل اشتہار کا بغور مطالعہ کر کے نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے۔** | **08.04.12** | **04** |
| | ۱) خاتون سب ایڈیٹر | | |
| | ۲) اُردو میں گریجویٹ کے ساتھ ساتھ جرنلزم میں ڈگری/ ڈپلوما | | |
| | ۳) editor@safwan.in | | |
| | ۴) چیف ایڈیٹر، صفوان ای-میگزین | | |
| | **(ب) آپ کے اسکول میں لی گئی سرگرمی یا پروگرام کی روداد ذیل کے نکات کی مدد سے لکھیے۔** | | **04** |
| | • اگر طلبہ متعلقہ عنوان پر آٹھ سطروں میں روداد لکھتے ہیں تو انھیں ۴ نمبرات دیں۔ | | |
| | • کم از کم چھے مربوط جملوں کے لیے ۳ نمبرات دیں۔ | | |
| | • روداد کے طرز پر نہ ہو تو بھی جملوں کے لحاظ سے نمبرات دیں۔ | | |
| | (اِملا درست ہو۔ الفاظ کا در و بست صحیح ہو۔ بامعنی جملے ہوں اور مضمون کے طرز میں تحریر ہو) | | |
| سوال ۱۲ | **ذیل کے سوالوں کے جواب لکھیے۔** | **08.04.19** | **12** |
| | ۱) مطلب : کسی چیز کو دیکھ کر جی للچانا۔ جملہ : مٹھائی دیکھ کر بچوں کے منہ میں پانی بھر آیا۔ | | 02 |
| | ۲) (الف) خر (ب) گر | | 02 |
| | ۳) تھامس کا استاد البرٹ چلایا، ’’او بے وقوف! تم نے میری تین سال کی محنت برباد کر دی۔‘‘ | | 02 |
| | ۴) صنعت تضاد | | 01 |
| | ۵) یومیہ | | 01 |
| | ۶) بامعنی، باکمال، باخبر، باذوق، باشعور، باعزت، باوقار | | 02 |
| | ۷) جس کی لاٹھی اس کی بھینس | | 01 |
| | ۸) (الف) محافظ (ب) مؤذن | | 01 |

■■■